شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

03نومبر2023ء

پریس ریلیز

مسلمان حکمران کیا فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی مکمل ہونے کا انتظار کر رہے ہیں؟ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مسلمان حکمران کیا فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی مکمل ہونے کا انتظار کر رہے ہیں؟ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ ہسپتال پر بمباری کے بعد صیہونی فوج نے غزہ میں جبالیہ اور البریج کے پناہ گزین کیمپوں پر وحشیانہ بمباری کرکے اُنہیں نیست و نابود کر دیا ہے۔ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق تین ہفتوں کے دوران ساڑھے نو ہزار (9500) فلسطینی مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا ہے جس میں ستر (70) فیصد سے زائد عورتیں، بوڑھے اور بچے ہیں۔ جس قدر بمباری کی گئی ہے اور جس طرح غزہ کی ساٹھ (60) فیصد عمارتوں کے تباہ ہو جانے کی خبریں آ رہی ہیں اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہادتوں کی اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ ناجائز اسرائیل ارضِ فلسطین میں فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی کر رہا ہے اور اُسے امریکہ، مغربی یورپ اور بھارت کی مکمل آشیر باد حاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان حکمرانوں پر ’’خوفِ امریکہ‘‘ غالب آ چکا ہے۔ اُن کی دینی حمیت کا جنازہ نکل چکا ہے اور وہ بدترین اخلاقی پستی کا شکار ہو چکے ہیں۔ اپنے اپنے ملک میں بیٹھے ان حکمرانوں میں اقتدار کی ہوس اور مغرب سے مرعوبیت اس حد تک سرایت کر چکی ہیں کہ طرح طرح کے جشن اور ناچ گانے کی تقاریب تو سجا رہے ہیں لیکن اسرائیلی جارحیت سے فلسطینی مسلمانوں کو بچانے کے لیے کوئی عملی قدم اُٹھانے کو تیار نہیں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا آخری اور حتمی کلام دو ٹوک الفاظ میں اعلان کرتا ہے کہ جہاد سے اعراض کرنا منافقین کی نشانی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلمان حکمرانوں نے او آئی سی کے اُس چارٹر کو بھی ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا ہے جس کے مطابق ہر سطح پر فلسطین کے لیے عسکری اور فوجی مدد بہم پہنچانا اُس کے مینڈیٹ کا اہم ترین حصہ ہے۔ لہٰذا فلسطینی مسلمانوں کے خلاف اسرائیلی جارحیت پر فی الفور اسلامی سربراہی کانفرنس بلائی جائے اور صیہونی جارحیت کو روکنے اور فلسطینی مسلمانوں کی بھرپور عملی مدد کے لیے متحد ہو کر اسرائیلی جارحیت کو چیلنج کریں اور عملی اقدامات کے ذریعے فلسطینیوں کا تحفظ کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 03 November 2023

"Are the leaders of Muslim countries waiting for the total genocide of the Palestinian Muslims?"

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Are the leaders of Muslim countries waiting for the total genocide of the Palestinian Muslims?"

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that after the vicious bombing of hospitals, the occupying Zionist forces have bombed into annihilation the refugee camps of Jabalia and Al-Barij in Gaza. According to the figures being reported in the mainstream media more than nine thousand (9,000) Palestinian Muslims have been martyred as a result of the Israeli bombing in Gaza during the last three weeks, of which more than seventy (70) percent are women, elderly and children. The sheer magnitude of Israeli bombing and reports that more than sixty (60) percent of the building in Gaza have been razed to the ground suggest that the actual number of casualties may be many times more that the reported figures. The fact is that illegitimate Israel is committing genocide of the Palestinian Muslims and it has the full support of USA, Western Europe and India in this crime against humanity. The truth is that the Muslim leaders are overwhelmed by the 'fear of America'. It appears that they have lost all religious commitment and moral authority. They are so bewitched by the greed of power and mesmerized by the desire to follow the West, that they are actively arranging festivals of dance and music, promoting vulgarity and profanity, but unwilling to take any practical measure to stop the Israeli brutality against the Palestinian Muslims. The Ameer said that the last and final testament of Allah *(SWT)* clearly declares that turning tail from *jihad* is a sign of hypocrisy. The Ameer lamented that the Muslim leaders have thrown the charter of the Organization of Islamic Countries (OIC) out of the window, according to which it is the primary mandated responsibly of the organization to provide all forms of support, including military assistance, to Palestine. Therefore, a summit of the heads of all Muslim states must be immediately called on the Israeli brutality against Palestinian Muslims, so that all Muslim states could unite to take practical steps to challenge illegitimate Zionist Israel and protect the Palestinian Muslims in the war imposed on them.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan